تاریخ علوی اعوان

[illegible]

علوی اعوان [illegible] کے آئینے میں

ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان

پوسٹ بکس [illegible]، صدر کراچی

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

نام کتاب : تاریخ علوی اعوان (مشہور بہ اعوان تاریخ کے آئینے میں)

تالیف : محبت حسین اعوان

ناشر : ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان، کراچی

مطبع : الخیر اعوان پریس پٹیل پاڑہ، کراچی

کتابت : غلام غوث کیلانی

کمپوزنگ : عمران الدین

تصحیح : جنید احمد

نظرثانی : محمد اقبال سعید مدیر دارالتحریر اکیڈمی کراچی

تعداد اشاعت : ایک ہزار

طباعت : بار اول ۲۳ اگست ۱۹۹۹ء

قلمی تعاون : علامہ یوسف جبریل، شوکت محمود اعوان، راولپنڈی
ملک گل محمد اعوان مرحوم، موضع کھبکی
ملک جہانداد خان اعوان، ملک قربان قاصد، آزاد کشمیر
ملک مسیح صادق اعوان، جہلم

قیمت : چار سو روپے

ملنے کا پتہ

علی بک ڈپو ۵۳۔ اردو بازار کراچی۔ فون 2628405

ادارہ تحقیق الاعوان، ۸۰۔ یونی شاپنگ سینٹر عبداللہ ہارون روڈ۔ صدر کراچی
فون: ۵۲۳۳۳۳ ـ ۵۶۷۳۴ ـ ۷۷۸۱۵۸۳ ـ ۲۹۴۷۵۸۸/۰۲۱

شجرۂ نسب

غازی ملک عرف قطب حیدر شاہ علوی اعوان

حوالہ
شجرۃ الانساب اعوان

حضرت علیؓ بن ابی طالب
|
محمد الاکبرؒ (محمد بن حنفیہ)
|
علی عبدالمنان
|
عبداللہ — عون — [illegible] — عبیداللہ — حسن

محمد عرف قطب شاہ غازی
[illegible]
[illegible]
عبدالمنان
[illegible]
|
آصف
|
میر اسیدان شاہ
|
محمد
|
طیب
|
طاہر
|
ابو علی عرف عطاء اللہ
|
سالار ساہو (ملک شاہو) — قطب حیدر شاہ (غازی ملک) — سالار سیف الدین (لاولد)

سالار ساہو (ملک شاہو)
|
سالار مسعود غازی (لاولد)
(مدفون بھرائچ انڈیا)

حوالہ جات
۱۔ تذکرۃ السادات بحر انجمان
۲۔ تاریخ مرآۃ مسعودی
۳۔ تاریخ مسعود شاہ غازی
۴۔ تاریخ علوی
۵۔ تاریخ حیدری
۶۔ تاریخ آل عون
۷۔ عمدۃ الطالب

عبداللہ گولڑہ بن قطب شاہ

عبداللہ گولڑہ سالار قطب حیدر شاہ غازی کے سب سے بڑے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام بی بی عائشہ تھا جو ہراتی تھیں اور قطب شاہ کی پہلی بیوی تھیں۔ آپ کے دوسرے بھائی کا نام محمد کنڈلان تھا۔ عبداللہ گولڑہ کا اصل نام گوہر علی تھا' جو بعد میں گولڑہ کے نام سے مشہور و معروف ہوا۔ گولڑہ کی وجہ تسمیہ کے بارے میں مختلف آراء ہیں جو یہ ہیں۔

ا۔ پہلا قول یہ ہے کہ گوہر علی کا رنگ بہت سرخ و سفید تھا جس کی وجہ سے لوگ انہیں گورا کہتے تھے اور بعد میں بوجہ ہنود ہند کی حقارت کے گورہ سے گولڑہ مشہور ہو گئے۔

ب۔ دوسرا قول حقیقت الاعوان کے مؤلف نے لکھا ہے کہ چونکہ گوہر علی میدان حرب کا ایک بڑا ماہر تھا بایں وجہ جب وہ ہنود کے مقابلے پر میدان حرب میں آتا تھا تو تب ہنود اس کی دہشت سے کانپتے تھے اور بوجہ عداوت اس کے نام گوہر علی کو ترک کر کے صرف گوہر کو لفظ تصغیر (یعنی کہ رائے ہندی والف مقصورہ) کے ساتھ گوہرڑا کہتے تھے پس یہی وجہ ہے کہ وہ گوہرڑا کے نام سے مشہور ہوا۔

دونوں اقوال سے ایک ہی مطلب اخذ کیا گیا ہے کہ گوہر علی کو خوبصورت ہونے کی وجہ سے عام لوگ گورا کہتے تھے۔ ہندوؤں نے حقارت سے انہیں گوہرڑا کہا جو بعد میں گولڑہ ہو گیا۔

لفظ گولڑہ صدیوں سے بولا اور لکھا جاتا ہے۔ جو "اعوان" کی ایک گوت کے نام سے مشہور و معروف ہے اور سرکاری کاغذات میں اس کا اندراج اس طرح ہے کہ بعض جگہوں پر گورڑہ اور بعض جگہوں پر گولڑہ لکھا ہوا ہے مگر زیادہ تر گولڑہ ہی لکھا اور پکارا جاتا ہے۔ کئی ایک مقامات بھی گولڑہ کے نام سے مشہور ہیں۔

ا۔ گولڑہ شریف' اسلام آباد میں مشہور بزرگ حضرت پیر مہر علی شاہ کی زیارت کی وجہ سے یہ گاؤں گولڑہ شریف کے نام سے مشہور و معروف ہے۔ اس موضع میں گولڑہ اعوان کثرت سے آباد ہیں جس کی وجہ سے اس موضع کا نام گولڑہ پڑا کہتے ہیں کہ اس شہر کے سب سے پہلے باسی شہابُ الدین گولڑہ تھے۔

ب۔ گولڑہ' علاقہ سون سکیسر کی پہاڑی پر ایک مقام گولڑہ مشہور ہے۔ اس جگہ پتھروں کا ایک ڈھیر جمع ہے۔ اس کے متعلق تین روایتیں مشہور ہیں۔

(ا) بابا گولڑہ یہاں سے گزرے تھے بطور گزرگاہ گولڑہ مشہور ہے۔

(ب) اس جگہ بابا گولڑہ نے ہندوؤں کے ساتھ جہاد کیا تھا۔

(ج) بابا گولڑہ کی میت یہاں رکھی گئی تھی جس کی وجہ سے یہ جگہ بطور گولڑہ مشہور ہوئی۔

عبداللہ گولڑہ کی سن پیدائش کسی تاریخ میں مرقوم نہیں۔ آپ اپنے والد کے ساتھ پوٹھوہار کے علاقے میں

ہندو راجاؤں کے خلاف جہاد میں ساتھ ساتھ تھے۔ تحقیق الاعوان کے مؤلف خواص خان لکھتے ہیں عبداللہ گولڑہ اپنے والد کی جائے اقامت پر شمالی ہند میں تین سو وفاداروں کے ساتھ تشریف لائے۔ یہ علاقہ سون سکیسر اور کڑاز پہاڑی کے درمیان واقع ہے اور وادی سون کے نام سے مشہور ہے۔ اس وقت یہاں کے ہندو راجاؤں نے خلق خدا پر عرصہ حیات تنگ کر رکھا تھا۔ آپ نے ان بے کس و بے بس انسانوں کو ان راجگان کے ظلم و استبداد سے نجات دلانے کیلئے کفار کے ساتھ نبرد آزمائی کی اور تھوڑے ہی عرصے میں ان راجاؤں کو زیر تیغ کر کے کوہستان نمک کا علاقہ بھکر ڈاکی و سکیسر، کوہ کھون اور شمال میں علاقہ دھنی چھوار پر قبضہ کر لیا۔ ان ہندو راجاؤں کے لواحقین بھاگ کر پہاڑوں کے دامن میں جا کر مقیم ہو گئے ان میں کھوکھر چوہان اور جنجوعہ قبیلے کے لوگ شامل تھے جو بعد میں مسلمان ہو گئے اور آج تک پہاڑوں کے دامن میں یہ لوگ موجود ہیں۔

سون سکیسر کے بعد عبداللہ گولڑہ مقام لاڑوانہ (خانقاہ ڈوگراں) ضلع شیخوپورہ کی طرف تشریف لے گئے۔ اس مقام کا نام جہاں آپ نے قیام فرمایا خانقاہ طوبین کے نام سے مشہور ہے۔ آپ کے خاندان کے کچھ افراد یہیں مقیم ہو گئے۔ باب الاعوان کے مؤلف نے لکھا ہے کہ کافروں نے آپ کو مقام طوبین میں شہید کر دیا۔ آپ کے وفاداروں نے آپ کا بدلہ لیا اور کچھ کافروں کو ہلاک کر دیا۔ اس کے بعد آپ کی نعش کو صندوق میں بند کر کے خانقاہ طوبین میں دفن کر دیا۔ اس قبرستان کا نام آپ کے دفن کی وجہ سے تبتہ الشہداء مشہور ہوا۔ ۱۷۹۹ء میں ڈوگر قوم کے ایک ولی نعمت اللہ نامی المشہور حاجی دیوان علی کی تربت قبرستان تبتہ الشہداء میں بنی اس وجہ سے یہ مقام خانقاہ طوبین ۱۳۳۱ سال کے بعد خانقاہ ڈوگراں کے نام سے مشہور ہوا اور اب تک اس نام سے مشہور چلا آ رہا ہے۔ اس خانقاہ طوبین سے متعلقہ اراضی بھی اب تک خاندان ڈوگراں کے قبضہ میں ہے۔ کچھ عرصہ عبداللہ گولڑہ کی نعش تبتہ الشہداء میں دفن رہی اس کے بعد نعش کو وہاں سے نکال کر ان کے مقام اقامت سون سکیسر کی سرحد پر جنوبی پہاڑوں کی کوہان پر سڑک کے متصل ان کو دوبارہ دفن کیا گیا۔ یہ مقام آج تک گولڑہ کے نام سے مشہور ہے اور اس جگہ پر پتھروں کا ڈھیر جمع ہے۔ حقیقت الاعوان کے مؤلف ہاشم الدین نے عبداللہ گولڑہ کے مزار کی نشاندہی ایک نقشہ کے ذریعے کی ہے جسے صفحہ نمبر ۲۰۰ پر ملاحظہ فرمائیں۔

خانقاہ ڈوگراں یا مقام طوبین ضلع شیخوپورہ میں عبداللہ گولڑہ کا تشریف لے جانا اور سون سکیسر میں قیام کرنا عام روایتوں سے ثابت ہے۔

مرآۃ مسعودی اور تاریخ سالار مسعود غازی کے مطابق عبداللہ گولڑہ کے تایا سالار ساہو غازی نے سلطان محمود کے حکم پر جب کڑہ اور مانک پور کا علاقہ فتح کیا تو مانک پور پر اپنے بھائی سالار قطب حیدر شاہ غازی کو اور کڑہ میں عبداللہ گولڑہ کو ریاستی انتظام و دعوت و تبلیغ کیلئے متعین فرمایا' جب بالسنو ضلع رائے بریلی پر قبضہ کیا تو یہ علاقہ بھی عبداللہ گولڑہ کے زیر نگرانی دے دیا۔ اس زمانے میں سالار ساہو کی مستقل قیام گاہ ستر کہ تھی۔ سالار

ساہو کی اجازت سے ان کے صاحبزادے سالار مسعود غازی بہرائچ کی جانب شعبان ۴۲۳ھ (جولائی ۱۰۳۲ء) میں روانہ ہوئے۔ اس سے قبل عبداللہ گولڑہ کو کڑہ اور مالکھنؤ ضلع رائے بریلی کا انتظام سونپا گیا تھا۔ سالار ساہو کی وفات کے بعد شاید عبداللہ گولڑہ واپس سون سکیسر کے علاقے میں آگئے ہوں گے۔ عبداللہ گولڑہ کی اولاد سون سکیسر کے علاقہ میں بکثرت موجود ہے۔ اس سے یہ گمان کیا جاسکتا ہے کہ وہ اپنی آل اولاد کے ساتھ آخری عمر میں سون سکیسر کے علاقے میں مستقل رہائش پذیر ہوئے یا پھر ان کی اولاد نے اس علاقے میں مستقل رہائش اختیار کی۔ وادی سون سکیسر مطبوعہ فیروز سنز ۱۹۹۳ء کے مؤلف احمد غزالی نے قطب شاہ کے بیٹے عبداللہ گولڑہ کے بارے میں لکھا ہے کہ "حضرت عبداللہ کا رنگ چونکہ سرخ و سفید تھا اس لئے ہندوؤں نے انہیں "گورڑہ" لقب دیا جو لفظ "گورا" کی تصغیر ہے۔ حضرت عبداللہ ایک بہادر اور پر اثر واعظ تھے۔ ایک روایت یہ بھی بیان ہوئی ہے کہ ان کا نام گوہر علی تھا۔"

وادی سون سکیسر کے لوگ آپ کو "دادا گولڑہ" کہہ کر ان کی ذات سے اپنے قلبی تعلق کو ظاہر کرتے ہیں۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ علاقہ سون سکیسر میں زیادہ تر حضرت عبداللہ گولڑہ کی اولاد آباد ہے۔

حضرت عبداللہ گولڑہ میر قطب شاہ کے پسر اکبر اور ان کے ایسے مقربین میں سے تھے جو تاحیات ان سے جدا نہ ہوئے۔ وہ بڑے بڑے جنگی محاذ ہوں یا بیدار شبوں کی عبادات کی مجالس آپ ہمیشہ حضرت قطب شاہ اعوان کے ہم رکاب رہے۔ ان کے دور جہاد میں زمین ہند کے سینہ پر اعوانوں کی جوانمردی کی جو داستانیں رقم ہو رہی تھیں ان میں حضرت عبداللہ گولڑہ کا اپنا حصہ شجاعت بھی شامل ہوتا رہا۔ وہ تحریک جہاد جو حضرت قطب شاہ اعوان نے شروع کی تھی۔ حضرت عبداللہ گولڑہ کے ہاتھوں ہی تکمیل پذیر ہوئی۔

جب حضرت قطب شاہ اعوان نے آخری سفر اختیار کیا تو بابا عبداللہ گولڑہ بھی ان کے ساتھ روانہ ہوئے۔ حضرت قطب شاہ کے وصال کے تین سال بعد ایک روایت کی رو سے تین صد اور دوسری کے مطابق پندرہ سو مجاہدین سمیت پھر ہند تشریف لائے۔ ان مجاہدین نے آپس میں علاقہ جات تقسیم کر لئے۔ حضرت عبداللہ گولڑہ نے اپنے بزرگوں کی جاہ ولایت 'وادی سون سکیسر' کو منتخب فرمایا۔ عرصہ چھ ماہ وادی سون سکیسر میں گزارنے کے بعد دوبارہ عازم جہاد ہوئے۔ اس مرتبہ تلوار زنی اور قوت ایمانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لاہور تک جا پہنچے۔" ایک مخطوطہ میں یوں تحریر ہے۔

"وہاں چھ ماہ مقیم رہے اور کچھ اولاد اور کمزور آدمیوں کو طاقت ور اور برگزیدہ آدمیوں کی حفاظت میں چھوڑ کر لاہور کی طرف چلے گئے۔ سفر کی واپسی پر خانقاہ طوری میں قیام کیا۔ یہاں تک کہ انہوں نے ہندوؤں کے ایک معزز خاندان مسلمان شدہ کھوکھروں کے گھر میں شادی کرلی۔ چند سال وہاں مقیم رہے' ان کی اولاد پیدا ہوئی۔ اس جگہ کا نام خانقاہ طوریہ رکھا گیا۔" آج کل یہ جگہ خانقاہ ڈوگراں کے نام سے موسوم ہے۔

حسب دستور یہاں پر بھی اقامت کے دوران تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرتے رہے۔ ان دنوں میں یہ علاقہ ہندو آبادیوں کا گڑھ تھا۔ یہاں کے ہندو دودھ کو پینے سے پہلے جوش نہیں دیتے تھے۔ دودھ کو جوش دینا خلاف مذہب سمجھا جاتا تھا۔ حضرت عبداللہ گولڑہ نے ایک بار دودھ کو جوش دے کر پیا ہندو آبادیوں میں یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ ہندوؤں نے بعض بیمار گائیں جن کے تھنوں سے خون بہتا تھا لوگوں کے سامنے یہ کہہ کر پیش کیں کہ ان کی بیماری کا سبب اس مسلمان مجاہد کا عمل ہے۔ گویا ان کے جوش دے کر دودھ پینے کے عمل نے گائیوں میں بیماری پھیلا دی ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے یہ تحریک بڑا زور پکڑ گئی جب حضرت عبداللہ گولڑہ کو اس بات کی خبر ہوئی تو انہوں نے اسم اللہ پڑھ کر ان گائیوں پر دم کر دیا۔ اللہ کے فضل و کرم سے تمام گائیوں کا مرض جاتا رہا اور ان کی جسمانی حالت بالکل درست ہو گئی۔" قلمی مخطوطہ مملوکہ محمد سرور خاں میں یہ واقعہ کچھ اس طرح درج ہے۔ "انہوں نے اپنی ضیافت گاہ میں ایک روز کچا دودھ استعمال کیا۔ ان لوگوں کی رسم قدیم دودھ ابال کر استعمال کرنے کی تھی۔ اس سے بڑے چھوٹے' شریر اور بدمعاشوں کی جماعتوں میں شورش پیدا ہو گئی۔ ایک نے کہا کہ مسلمانوں کے شیخ نے اپنے احسان کرنے والوں کو اس برائی سے اچھی جزا دی۔ شیخ کو ایک مرید نے اطلاع دے دی۔ آپ نے کہا لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ پھر آپ نے ہر ایک گائے کو جمع کرنے اور ان کے تھنوں پر جوتیاں مارنے کا حکم دیا۔ صرف اس اجتماع سے تھنوں میں جو لہو تھا وہ صاف دودھ بن گیا۔ اس سے اشراف کے دلوں میں یقین زیادہ ہو گیا اور کفار کے دلوں میں نفاق جاگزیں ہو گیا۔ شرپسندوں کو حضرت عبداللہ گولڑہ کی اس کرامت سے اور زیادہ شرمندگی محسوس ہوئی مگر کافی ہندو یہ واقعہ دیکھ کر مسلمان ہو گئے۔ شرپسند ہندوؤں کو اندیشہ ہوا کہ اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو اور لوگ بھی ان کا دھرم چھوڑ کر حلقہ بگوش اسلام ہو جائیں گے ان لوگوں نے اس پاکباز مجاہد کو ہلاک کرنے کی ناپاک سازش تیار کی۔ اس سازش میں وہ تمام تنگ نظر ہندو شامل ہوئے جو حضرت عبداللہ گولڑہ کی کرامت کو اپنے مذہب اور گاؤ ماتا کی توہین سمجھ رہے تھے۔ ایک اندھیری شب آپ کو تنہا پا کر ظالموں نے آپ کے منہ میں قلعی انڈیل دی اور آپ کو شہید کر دیا۔"

مذکورہ بالا قلمی مخطوطہ میں تحریر ہے کہ "جسد مبارک کو خانقاہ ڈوگراں سے وادی سون سکیسر میں اول جائے اقامت کی طرف لائے اور اس جگہ سے جنوبی پہاڑوں کی بلندی پر شب باش ہوئے گولڑہ لا کر امانتاً" دفن کیا گیا۔"

ازواج و اولاد : حقیقت الاعوان کے مؤلف ہاشم علی نے خلاصۃ الانساب کے حوالے سے بروایت ابو منصور حسن یوں تحریر کیا ہے کہ گوہر علی (عبداللہ گولڑہ) کی فاطمہ بنت حسین خانی بیوی تھی۔ جس کے بطن سے اس کے پانچ لڑکے تھے۔ (۱) محمد (۲) احمد (۳) علی (۴) عمر اور (۵) زید پیدا ہوئے۔ باب الاعوان کے حوالے سے عبداللہ گولڑہ کی ایک بیوی سارہ تھی۔ جس کے بطن سے عبداللہ گولڑہ کے تین لڑکے (۱) احمد علی (۲) نعمان علی اور

(۳) غلام علی تھے۔ عبداللہ گولڑہ کی تیسری بیوی کا نام مریم بنت عقیل تھا جس کے بطن سے عالم الدین بیٹا تھا۔ مختلف شجرہ جات کے مطالعہ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ عبداللہ گولڑہ کے آٹھ بیٹے تھے۔ (۱) عالم الدین (۲) احمد علی (۳) زمان علی (۴) غلام علی (۵) محمد (۶) علی (۷) عمر اور (۸) زید۔ اس کے ایک بیٹے احمد علی اور اس کے بیٹے بدر الدین عرف بدھو سے کوہستان نمک' وادی سون سکیسر میں اولاد بکثرت موجود ہے۔ اس کے علاوہ عبداللہ گولڑہ کی اولاد ضلع ہری پور' ایبٹ آباد' مانسہرہ اور کوہستان کے علاوہ کشمیر میں بھی آباد ہے۔

مولوی نور الدین نے باب الاعوان میں تاریخ کندلانی کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ گوہر علی (عبداللہ گولڑہ) شمالی پنجاب کے علاقہ کوہستان نمک کے کوہ سکیسر میں آیا اور اس کا لڑکا احمد علی معروف بہ بدر الدین ہوا اور بدر الدین کا لڑکا حسن دوست جس کی پشت سے اعوان گوہر شاہی کوہ سکیسر کی وادی میں بہت سکونت ہے۔

وادی سون میں عبداللہ گولڑہ کے آٹھ بیٹوں کی اولاد آباد ہے۔

عبداللہ گولڑہ (گوہر علی) (گوہر شاہ)



اگلے صفحات پر نور خانال گوت' اللہ وال گوت' مرزا خان گوت' لال کے گوت' علمستال گوت' عیسال گوت' شیر شال گوت' قائے گوت' مغلال گوت' بھتیال گوت' کونمل گوت' جہانگیرال گوت' رجبال گوت' برال یا بھسیال گوت' سکھیال گوت' جمال گوت' دسوال گوت' خانال گوت' بوتیال گوت' قاقبال گوت اور گھرنے یا فرنے گوت کے شجرہ جات شامل ہیں۔

سالار میر قطب حیدر شاہ غازی

شجرۂ نسب علامہ یوسف جبریل

(حال ساکن واہ کینٹ راولپنڈی)



ص ۲۱۱ سے

نورخان (نورخانال)




الله وال خان
مرزا خان
سردار خان
نور خان
محمد خان
فتح خان
سہراب
شیر محمد
احمد خان
شاہ محمد
خان بیگ
مقرب خان
مغل خان
لال خان


کھنگر خان
جہان خان
عالم خان
احمد خان
دوست محمد
میر باز
میاں محمد

لال کے گوت



مال بیگ (عظمال گوت۔ گرمال گوت)



ص ۳۱۳ سے

عظمت خان ولد دریا خان (عظمتال گوت)



۲۱۲

عظمت خان ولد دریا خان




عظمت خان ولد دریا خان
صاحب خان
عبدالرحمان
امام دین
فتح دین
عالم شیر
شیرباز
خان بیگ
قطب خان
میاں محمد
نور شیر
اللہ یار
سرفراز خان
جہان خان
عالم خان
فتح خان
میاں محمد
شیر محمد
دوست محمد
عالم خان
احمد خان
ظہور خان
عظمت خان ولد دریا خان
صاحب خان
مالک خان
عباس خان۔ لال بیگ ۔ مقرب خان۔ کرم خان۔ مصل خان
فتح خان
محمد خان
اللہ یار
شیر محمد
مالک خان۔ شیرباز۔ میر محمد
مشتاق احمد
فیروز خان
دوست محمد
شاہ محمد
جہان خان
احمد خان

- قطب شاہ
  - عبداللہ گرڑ
    - احمد علی (ہمدان)
      - بے اولاد
    - حسن دوست (مسند دوان) سیدمحمد - یا سیدمحمد (زگوٹ رن سال)
      - ملک طور خان
        - پیر دعو (زرگا) (زرکو)
          - درویم (داؤ اول) (جیدولوال)
            - داؤ دوم
              - جوگی
                - عبدالوحید (ونو)
                  - رانیا (رلی) ریتوز
                    - گنڈل
                      - دوڑھا
                      - نزھا (۳۲۱)
                        - جام
                        - مال
                        - رانسی
                        - لوے
                      - ون
                      - سلطان جنون (زکاری عکری - برادیتہ - شہرپارک) (زگت جیال - کرگلی اجمان - برگر رساییابچہ)


ملک طوریان ولد حسن دوست ولد عبداللہ گوندل
پیر محمد (ریکھا)
خان ماکال (مالان)
نور (مردوال، کرد صوری گاؤں)
صفحہ ۳۲۰ سے
نڈھا
سالی
(دھمیکی چھان، کھوڑی)
کالو
(دھمیکی)
لدھے (اودھی)
(اوڈیالہ)
سالسی
جہلم۔ وہنجارہ
خیرالدین کھچی ۔ دُھنا کھچی
حاجی
علی احمد
(گوت انوال)
صفحہ ۳۲۰
احمد
۳۲۳
خیر احمد ۔ پیلو
صفحہ ۳۲۳
احمد
سوردنی
بجلی
بابا
کمال
محمدی
طیب
دریاخان
صفحہ ۳۲۳
خان بلاقی


دریاخان ولد طیب
برخوردار
خلت
اعظم
سلطان محمود
جہان خان
فتح خان
سردار
مظفر خان
شاہ محمد
خدابخش
قاسم
عالم خان
محمد خان
سلطان محمود


اعظم
شیر شاہ ازل
نور خان
محمد خان
شیر باز
حبیب
ملک شیر شاہ ازل
نور خان
شیر محمد
عالم خان
شیر شاہ
فتح خان
فتح شیر
میاں احمد
عبدالرحمان
شیر محمد
احمد خان
محمد شیر
محمد خان
محمد حیات
میر حیات
محمد حیات
جاوید حیات
احمد خان
نور محمد
شیر محمد
دوست محمد
شیر دل
اعظم
ملک شیر شاہ ازل
نور خان
نور محمد
احمد خان
فتح خان
سلطان احمد
محمد خان
محمد شیر
قاسم
شاہ محمد
محمد حیات
فتح خان
سردار علی
دوست محمد
ملک شیر


طیب
دریا خان
فیروز شاہ دوم (شیر شاہ گوت۔ جھیلے)
اللہ دوال
(اللہ دوال گوت)
(خنجران گوت)
شیر باز
شاہ محمد
فتح خان
میاں محمد
میاں شیر
احمد خان
جہاں خان
دوست محمد
فتح شیر

۲۲۳ ـــ

شیر شاہ دوم

مرزا

نور خان

خانہ (دگوت خانیخیل)

شیر بخت — شاہ نواز — بازا

شیر بخت: گل محمد

شاہ نواز: احمد خان — جان محمد

جان محمد: ربنواز

احمد خان: شیر شاہ — محمد خان

بازا: خیر محمد — فتح خان

خیر محمد: دوست محمد ـ غلام محمد ـ عطا محمد ـ شاہ محمد ـ گل محمد ـ سردار محمد ـ سلطان محمد

۲۲۴ ـــ

مرزا

نور خان (دگوت جبیر شیبال)

فتح شیر

جہان خان — عالم شیر — میاں محمد

جہان خان: میاں محمد

عالم شیر: شکر شیر ـ محمد شیر

میاں محمد: شیر محمد ـ علی محمد

۳۲۴ سے


شیر شاہ دوم
مرزا
نور خان
مغل خان
(مصلال گوت)
سوگلال
خان بیگ
فتح خان
محمد خان
شیر محمد
لال خان
فتح شیر
شیر باز
عالم شیر
سرور خان
عالم خان
احمد خان ۔ خدا بخش
نور محمد
لال خان
میاں محمد
ظہور خان
محمد خان
شیر محمد
اکبر
علی محمد
شاہ محمد
ذاکر محمد شیر
شیر شاہ
شیر افضل
ذاکر محمد ریاض ۔ ذاکر محمد افضل
میاں محمد ۔ محمد امیر ۔ محمد شیر
عالم شیر
شیر محمد ۔ شاہ محمد ۔ محمد خان ۔
غلام محمد



دریاخان ولد طیب
دریاخان ولد طیب
اعظم
کمال
احمد
شاہ محمد
احمد خان
میاں محمد
شیر شاہ
فتح خان
محمد اقبال
شیر باز

خان بلاقی ولد طیب صہ۲۴۱

(گوت بلقیاں)





میر احمد بن حاجی بن کچھلی بن بابا جام




بابا جام
اسحاق
اعظم
صاحب
نور محمد
قطب


گوندل
قاسم خان
قطب


جہانگیر
نور خان
شیر باز
سلطان محمد
غلام محمد
قاسم علی
غلام علی
دوست محمد
پیر بخش
غلام حسین
لال خان


جہانگیرا
غلام محمد
عبداللہ
سلطان محمد
نور محمد
میاں محمد
شاہ محمد
محمد اقبال
حافظ گل محمد
خدا یار
محمد خان۔ خدا بخش۔ الٰہی بخش
احمد یار
میاں محمد
خالق داد
ولی محمد
محمد امیر۔ محمد اسمٰعیل۔ صدیق۔ حنیف
شاہ محمد
غلام علی
غلام محمد
یوسف
صادق


نور محمد
شاہ محمد
میاں محمد
علی محمد
جہان محمد
محمد خان
محمد ایوب
لال بیگ
دوست محمد
خدا بخش
شیر افضل


قطب شاہ
سلطان
شادی
دریا خان
یعقوب
پیراک
مقیم
دارا
سلطان
اشرف
سرخروخان
جلال
مندو
دوستا



گوت برال (پھتیال)
۴۳۳
حسن
سلطان
فتح خان
محمد
شریف
شیر محمد
فتح شیر
میاں محمد
عطا محمد
غلام محمد
محمد نواز
حق نواز
محمد حیات
الٰہی بخش
محمد بخش
نور محمد


یعقوب
غلام حسین
رحمان
شہادت
غلام محمد
کمال خان
اعظم
شمشیر
سلطان
حسن
میاں محمد
غلام محمد
علی محمد
احمد بخش
سردار
اقبال
خدا بخش
شاہ محمد
نور خان
رفیق


برخوردار
غلام محمد
احمد خان
اکبر خان
رب نواز
محمد فیروز


سلیمان
سعادت
احمد
دولت
سلطان
کمال
لال
محمد
فتح خان
شیخ احمد
سلطان
احمد خان
فتح خان
شاہ محمد
نسیم اختر
اشرف




دریا خان ولد طیب
صاحب خان۔ پہاڑ خان
سلطان
خان بیگ
مالک خان
احمد خان
سردار خان
عالم خان
قطب خان
نور خان
جہان خان
میاں محمد
سلطان محمود
عالم خان
احمد خان
ظہور خان
حنیف۔ امیر
اختر اقبال
محمد اقبال۔ محمد ریاض
میاں محمد
جہان خان
محمد یونس۔ شہباز خان۔ احمد خان۔ اکبر خان


صاحب خان
مالک خان
سوار خان
مقرب خان
عباس خان
کاکا خان
مغل خان
لال بیگ
غلام علی
محمد خان
فتح خان
شیر محمد
شاہ نواز
شیر محمد
شیر جنگ
بہادر خان
غلام محمد
سردار علی - محمد خان - شیر علی
ملک خان
مشتاق احمد
دوست محمد - شاہ بیگ
محمد شیر - میاں محمد - عالم شیر - شیر باز
شیر علی
گل شیر
خان محمد - خان احمد
شیر باز
شاہ محمد
امیر
نسیم
سرفراز - غلام علی
خدا بخش - شیر باز - میاں محمد
فتح محمد
مقبول احمد
فیروز خان
خان ملوک
فتح خان

دریا خان ولد طیب



صـ۴۴

دریا خان ولد طیب




یعقوب
غلام حسین
رحمان
صاحب
امیر
حکیم
احمد
دلاور
نظام دین
میاں محمد
نور
مصطفیٰ
محمد صدیق
محمد رفیق
خان بیگ
محمد خان
افضل
اکرم
فیروز خان
عالم شیر
فتح شیر
محمد شیر


سنخا ولد غلام حسین
رحمان
شہادت
خان محمد
جہان خان
سیف اللہ
میاں محمد
شاہ ولی
نور احمد
غلام محمد
علی محمد
شیر محمد
شیر شاہ
فتح خان
نجیب اللہ
اسلم - اشرف
کریم اللہ
ابراہیم
دوست محمد
عطا محمد
شاہ محمد
قاسم
سلطان
نور محمد
حبیب
لاولد
احمد
نواز
کھیکی - جابہ - کھدر - وادی سون

علاقہ آل

(رقا طبال گرت)



مزمل علی کلکان بن قطب شاہ

مزمل علی کلکان یا کلکان سالار قطب حیدر شاہ غازی کی پہلی بیوی بی بی زینب کے پہلے بیٹے تھے۔ آپ کے دو بھائی میر جہان شاہ و رحیم اور زمان علی اور ایک بہن بی بی رقیہ تھی۔ آپ کی تاریخ پیدائش زاد الاعوان میں "عہد غوری" ظاہر کی گئی ہے جبکہ مولوی حیدر علی نے تاریخ علوی و حیدری میں تاریخ پیدائش ۵۷۷ھ لکھی ہے مگر تمام تاریخ ہائے پیدائش غلط و فرضی ہیں۔ کیونکہ مزمل علی کلکان کے والد سالار قطب حیدر شاہ غازی محمود غزنوی کے ہمعصر تھے۔ محمود غزنوی کا دور سن ۳۸۹ھ تا ۴۲۱ھ تھا۔ اس لئے قطب شاہ کے بیٹے کی سن پیدائش عہد غوری یا ۵۷۷ ہجری غلط ہے۔ مزمل علی کلکان کی پیدائش غالباً" سن ۳۸۰ھ اور سن ۳۸۵ھ کے درمیان ہو سکتی ہے بہر حال مزمل علی کلکان بن قطب حیدر کی درست تاریخ ولادت معلوم نہیں۔

مزمل علی (معروف بہ کلکان) میر قطب شاہ کا تیسرا بیٹا ہے۔ اس کی والدہ کا نام زینب تھا۔ کلکان کی وجہ تسمیہ مختلف مسطور ہیں۔ ایک یہ ہے کہ کلک ویک شہر کا نام تھا جو کہ شمالی کوہستان نمک میں واقع ہے اور مزمل علی چونکہ وہیں پیدا ہوا تھا اس لئے وہ کلکان کے نام پر مشہور ہوا دوسری وجہ یہ ہے کہ کلکان کی ماں چونکہ کلاہیہ (یعنی کہ شہر کلک کی) تھی۔ اس لئے وہ اپنی ماں کلاہیہ کی طرف منسوب ہو کر کلکان کے نام پر مشہور ہوا۔ تاہم اس نام کے سوا اس کا قلمی نام کلکان ایک اور بھی تھا جس کے بارے میں تاریخ الاعوان میں تحریر ہے کہ وہ چونکہ ہمیشہ اپنی دستار میں کلغی لگا کر رکھتا تھا۔ اس وجہ سے وہ کلغان کے نام پر مشہور ہوا۔ پس کلکان 'کلغان' کلکان 'کل فن' کلغن اور کلغی وغیرہ ایک ہی شخص مزمل علی کلکان کے نام ہیں۔ ایک اور روایت کے مطابق مزمل علی 'کلک' نامی شہر میں پیدا ہوا تھا اور اس کے القابی نام دو تھے۔ ایک کلکان اور دوسرا کلغان اور وہ صوبہ بہار سے قلعہ دین کوٹ میں آیا۔ تاریخ الاعوان میں لکھا ہے کہ کلکان قلعہ دین کوٹ (جو کہ کالا باغ سے جانب مشرق بفاصلہ چار کوہ دریائے سندھ کے کنارے میں سر بفلک پہاڑ پر تھا) میں آیا اور وہاں اس نے مستقل سکونت اختیار کی۔ قلمی کتاب انساب الاعوان نوشتہ میر تھو میں لکھا ہے کہ "بعدہٗ پھر وہ تلونڈی کے قریب تھا نیسو کی ایک بستی تراوڑی نامی (معروف بہ ترائن) کے میدان میں ہندوؤں سے جہاد کرتے ہوئے تلوار سے زخمی ہوا اور اس کے ساتھی اس کو وہاں سے لدھیانہ میں لے کر آئے اور وہیں وہ شہید ہوا اور پھر وہیں اس کا مزار بھی ہے اور سال بہ سال ایک بڑا عرس اس کے مزار پر ہوا کرتا ہے۔"

قلمی کتاب الانساب اعوان میں میر تھو مزید لکھتا ہے کہ کلکان کے بارہ لڑکے تھے جن کے نام یہ ہیں۔ ۱۔ نذیر علی (معروف بہ کوٹلہ) ۲۔ امیر علی (معروف بہ اخون) ۳۔ نصیر علی ۴۔ بشیر علی (معروف بہ مہی پال) ۵۔ غلام علی (معروف بہ عائد) ۶۔ کرم علی (معروف بہ گلی) ۷۔ خیر علی (معروف بہ خیری) ۸۔ بہادر علی (معروف بہ بہاری)

۸۔ قاسم علی (معروف بہ قس) ۹۔ ابراہیم (معروف بہ براہم) ۱۰۔ محمد یٰسین (معروف بہ سین) ۱۱۔ محمد آمین اور ان تمام میں سے امیر علی (معروف بہ اخونہ) نے اجالہ کے قریب ایک بستی کروڑ نامی میں وفات پائی اور وہیں اس کی قبر بنی ہوئی ہے اور اس کی پشت سے نیچے آکر آٹھویں پشت پر ایک معروف ہستی محمد سالار نامی پیدا ہوا جس کی سیالکوٹ سے شمال کی طرف چار کوس کی دوری پر ایک بستی کرول نامی کے لبھ پر قبر ہے۔ سیالکوٹ کے کچھ اعوان اپنا شجرہ نسب مزمل علی کلان تک اس طرح ملاتے ہیں۔

مزمل علی کلان کی دسویں پشت میں واجد علی ہوا جس کے دو بیٹے محمد رؤف اور صاحب دین تھے۔ ان کی اولاد کا شجرہ نسب اس طرح ہے۔

واجد علی بن صاحب دل بن محمد سالار بن نور بخش بن امداد علی بن رکن الدین بن خیر الدین بن زرکم بن محمد عبداللہ بن اخوند بن مزمل علی کلان بن قطب شاہ۔

واجد علی

محمد رؤف ← رحمت خاں ← دہیر ← شاہ میر ← خداداد ← عطا ← اللہ دتہ ← میاں خان ← عمر بخش ← فتح الدین

صاحب الدین ← فتح اللہ ← میاں خاں ← محمد جمیل ← چوہڑ ← محمد آمین ← تصدق حسین ← محمد بہار ← مرزا ← مراد بخش ← عبداللہ ← سزاوار ← مراد بخش ← پیر بخش

حقیقت الاعوان کے مؤلف بابا ہاشم کے مطابق مزمل علی کلان کے ۲ نہیں بلکہ ۱۴ بیٹے تھے مندرجہ بالا بارہ کے علاوہ دو بیٹوں کے نام (۱) زمان شاہ اور (۲) نواب شاہ تھے۔ تحقیق الاعوان کے باب پنجم میں ملک محمد خواص

خان نے سید محبوب شاہ کے شجرۂ نسب میں زماں شاہ بن کلان اور نسب الاعوان میں ملک حسام الدین نے اپنے شجرۂ نسب میں نواب شاہ بن کلان تحریر کیا ہوا ہے ممکن ہے کہ نصیر علی کا ہی خطابی نام زماں شاہ ہو اور محمد آمین کا خطابی نام نواب شاہ ہو۔

مزمل علی کلان کی اولاد کالا باغ کے کنارے ڈھنکوٹ میں مستقل آباد ہوئی اور وہاں سے کچھ لوگ ہجرت کر کے پاکستان کے دوسرے علاقوں اور آزاد کشمیر میں جاکر آباد ہوئے۔ پنجاب (انڈیا) کے ایک شہر انبالہ میں بھی مزمل علی کلان کی اولاد آباد تھی ہے۔ مزمل علی کلان کے بیٹے نواب علی کی اولاد موضع بساڑی' آزاد کشمیر' غلام علی کی اولاد سے دھوں کی اولاد موضع ڈھلیا ضلع لاہور' کول کی اولاد ڈھوک کریموں' موضع کلیال اور موضع کوٹلہ میں آباد ہے جبکہ جیسال کی اولاد موضع ڈھوک گگے' کلا اور حضرو میں آباد ہے۔

ایک شجرۂ نسب کلان گوت کے نام سے غلام حسین میراثی موضع چک عمری اور ایک شجرۂ نسب کالو بن قطب میراثی موضع کھاں والا کے پاس ۳۰ اکتوبر ۱۸۸۸ء کے لکھے ہوئے موجود ہیں ان شجرہ جات کے مطابق مزمل علی کلان کی اولاد سے عدی تھا جس کے دو بیٹے گنگ اور ادھم گنگ تھے ان کی اولاد سے سترہویں پشت میں ملک ہست نامی شخص تھا اس کا بیٹا حیات اس کا بیٹا حبیب اللہ اور اس کا بیٹا ملک فضل داد خان ذیلدار تف تلہ گنگ ہوا۔ عدی کی نویں پشت میں ایک شخص اتھرو ہوا اس کی اولاد چوہا سیدن شاہ' کلر کہار' بھد کریالہ' ڈھوک پہاڑ اور وہڑی جاتیال میں آباد ہے۔ اتھرو کے ایک بیٹے بھولا کی اولاد سے پانچویں پشت میں کھوجو ہوا جس کی اولاد چک عمری' موضع کرکھ اور ڈلوال میں آباد ہے۔ کھوجو کے بھائی جمال کی اولاد موضع میار میں آباد ہے کھوجو کے دوسرے بھائی علیا کی اولاد نور پور سیتھی ضلع چکوال میں آباد ہے۔ بھولا کے چوتھے بیٹے صلاہ کی پانچویں پشت سے اولاد موضع سرکلاں' ماہل' موضع چک نائڑواں اور نور پور سروٹھی میں آباد ہے۔ صلاہ کے پوتے کی اولاد موضع میانی علاقہ ونہار ضلع چکوال میں آباد ہے۔ جہلم گزٹ پارٹ اے ۱۹۰۴ء کے مطابق گنگ ایک گوت ہے جو اعوان ہونے کا دعویٰ رکھتے ہیں۔

مزمل علی کلان کی اولاد پاکستان و آزاد کشمیر کے مختلف مواضعات میں موجود ہے جن کا مختصر تذکرہ اس طرح ہے۔ موضع انگہ و دندہ شاہ بلاول' کلر کہار در ضلع چکوال' موضع کواڑ' کوٹ جیلال' موضع تلوکر چک نمبر ۱۲ ڈالوال در ضلع جہلم شاہ پور محلہ دھرکاراں' چک عمری' ڈلوال' میانی علاقہ ونہار ضلع چکوال' دریو مال' بھلا' کریالہ' چوآ سیدن شاہ' موضع سروٹھی' مداں' ماہل و سرکلاں تترال' بھون روپوال ضلع چکوال' دھرابی و چک نائڑواں' چک نکہ' دھرابی' موضع کویڑہ' موضع جبی و ڈھوک پٹھان' موضع دولہ' چک نمبر ۱ کوٹ مومن' ونڈ پور' دھوی' جوڑ والا' ملتان' سول' ڈیرہ کالسیاں' بہاولپور چک نمبر ۵۰ و منہدہ میاں چنوں چک نمبر ۵۲ ہارون آباد ریاست بہاولپور' موضع گیدڑ ضلع چکوال' چک لوکا ور چکوال موضع لوٹ جلال' موضع میانی تلہ گنگ' کلری' بسالی در راولپنڈی

بھٹ' ماہیال وجنوب مشرق ضلع راولپنڈی' تحصیل پنڈدادن خان محلہ کلی والی' موضع نور پور چکوال' بلکسر
موضع فتح پور' تحصیل جالندھر' موضع بھائی گروٹ نوشہرہ' موضع کوٹلہ' ڈھوک کریموں' ڈھوک کگے' کالا' جھلو'
موضع ادھوالی' موضع بھرال' موضع سون' موضع کھیکی' موضع پھول پور' منگل پور' منگل پرول' موضع تک
تحصیل پھلور دریال جالندھر موضع دہریں' چتوالی تحصیل جالندھر وہوشیار پور' کماریاں' لالہ موسیٰ' بستی داخلی
بھاڑی' دریک بن بلڈری چوکیاں وریاست پونچھ آزاد کشمیر موضع ادیہ علاقہ پھگواڑی' دھڑکری اور سرداخلی
چوکیاں' آزاد کشمیر۔ موضع پیاری وناڑ داخلی رکڑ' موضع بساڑی' بھاکھا' تلا داڑی ماسے داچھپ' سرولی' رکڑ
موضع کری بیرون پھگواڑی تحصیل گجر خان۔ سانخ تحصیل کھوٹہ۔ ادیہ موہڑا تحصیل کوٹلی میر پور آزاد کشمیر۔
شیوکوٹنہ داخلی چوکیاں آزاد کشمیر۔ موضع سانٹھی تحصیل کھوٹہ۔ پیر کمارو' دوالمیال' کھال' درمیال تھائی'
جھالی کریال' گولڑہ شریف' سریال' سبھرال' نوشہرہ' ڈھاکہ' وڑچھہ' موضع للہانی تحصیل چکوال' موضع گاہی
درچکوال' موضع کھیال درچکوال' موضع اکوال' موضع ساگری ضلع راولپنڈی' موضع الوڑی ہند بھوز تحصیل کوٹلی
آزاد کشمیر' موضع سرنی' اچھالے' موضع اکھروٹہ' سرکلان' لیوٹ پونچھ مغلی آزاد کشمیر' موضع دھمن ومنور تحصیل
کوٹلی موضع پڑیاں کالا بن ودھڑہ' موضع گوجر خان (پکی آبادی) در ضلع راولپنڈی' موضع جابہ' موضع رنیال'
موضع کانڈیوالہ ساحل دریائے چناب' موضع کھیکی' موضع میاں درکھوہ' موضع کلر کہار وچوہا سیدن شاہ' موضع
میانی درچکوال' موضع بیگرانوالہ' تحصیل سمندری ضلع لائل پور' موضع سرکی درخوشاب' موضع پدھراڑ ضلع
خوشاب' موضع کانڈیوالہ ساحل دریائے چناب' موضع کفاتوالہ درچکوال' موضع گھڑکیال' موضع اچھالی ضلع
خوشاب' موضع ڈھبہ' پھجیڑ' منڈی قلعہ ضلع شیخوپورہ' موضع ڈاہروالا' موضع بھیرہ محلہ پیر اعظم شاہ' موضع بھیرہ
محلہ میراں سید محمدی' موضع بھیرہ محلہ پراچہ' شیخ والا ضلع شاہ پور۔

مزمل علی کلان کی اولاد سے مندرجہ ذیل گوتیں مشہور ہیں۔

اخیال' آندر' بوھیال' بدھال' پائیاں' پھولیاں' پاہن' بیگال' جرل' جنڈ' جنیال' جھاٹلہ' مسوال یا ہسوال' دمیال'
دویال' شدوال' کوٹلہ' ککفان یا کلان' کنٹوال' گلاب آل' گنگ' ملیال' میرال' نورال' نارنگ آل' ہنجرال'
سیدیال۔

مزمل علی کلگان



شجرہ پھرن خان از اولاد غلام علی پسر مزمل علی کلگان و شجرہ نواب علی برادر زمان علی وغیرہ پسران مزمل علی کلگان

پسر قطب شاہ



زمان علی کھوکھر بن قطب شاہ

قطب شاہ نے راجپوت راجہ کلک کی بیٹی سے شادی کی تھی اس عورت کا ہندوانہ نام تاریخ میں مفقود ہے البتہ اسلامی نام بی بی زینب تھا۔ بی بی زینب کے بطن سے قطب شاہ کے تین فرزند پیدا ہوئے ایک کا نام زمان علی دوسرے کا نام مزمل علی عرف کلاں یا کلگان اور تیسرا دریتیم عرف جہان شاہ تھا۔ بی بی زینب کے باپ کا نام راجہ کلک تھا بعض جگہوں پر لکھا ہے کہ اس کا نام کھوکھر راجپوت تھا جو کلک کا والی تھا یعنی کلک کسی جگہ کا نام تھا مگر تحقیق سے معلوم ہوا کہ کلک کسی جگہ کا نام نہیں بلکہ راجہ کا اپنا نام کلک تھا۔

زمان علی اپنی ماں بی بی زینب کی کھوکھر گوت کی مناسبت سے زمان علی عرف کھوکھر کے نام سے موسوم تھا۔ تاریخ نسب نامہ کھوکھراں کے مؤلف ملک سراج الدین احمد نے کھوکھر کی وجہ تسمیہ یہ بیان کی ہے کہ زمان علی بن قطب شاہ سخت خو اور خونخوار قسم کا انسان تھا۔ خونخوار یا کھوکھار سے وہ کھوکھر مشہور ہو گیا۔ ایک دوسری روایت اسی مؤلف نے یہ بیان کی ہے کہ زمان علی بہادر اور شجاع تھا وہ دشمن کا مال لوٹ لیتا تھا اس لئے پنجابیوں نے اس کا نام کھوہ کھڑ رکھ دیا۔ یعنی چھین لے جانے والا اور کھوہ کھڑ سے کھوکھر مشہور ہو گیا۔ ملک سراج الدین احمد کی یہ باتیں بغیر کسی تاریخی دلیل یا حوالے سے لکھی ہیں اس لئے ناقابل یقین و اعتبار ہیں۔

تاریخ اقوام پونچھ کے مؤلف محمد دین فوق کے خیال میں زمان علی کی ماں بی بی زینب قوم کھوکھر کے راجپوت رئیس کی دختر تھی۔ شاید راجپوت قوم سے کوئی کھوکھر نام کا شخص گزرا ہو گا اسی کے نام پر بی بی زینب کھوکھر مشہور ہو گئی ہوگی اور زمان علی اپنی ماں ہی کی ذات یا گوت کی نسبت سے کھوکھر کہلایا۔ باب الاعوان کے مؤلف مولوی نور الدین سلیمانی کے خیال میں چونکہ زمان علی کھوکھر، مزمل علی کلگان اور دریتیم جہان شاہ کی ماں زینب بی بی کا تعلق کھوکھر راجپوت خاندان سے تھا اس لئے ماں کی نسبت سے ان کی اولاد کھوکھر قطب شاہ کہلائی۔ دیگر تواریخ میں اسی بات پر زور دیا گیا ہے کہ کھوکھر قطب شاہی اعوان اپنے جد اعلیٰ کا نام زمان علی عرف کھوکھر بتاتے ہیں اور کھوکھر کی وجہ تسمیہ یہ بیان کرتے ہیں کہ زمان علی کی والدہ بی بی زینب راجپوت کھوکھر تھیں جس کی وجہ سے ان کی اولاد کھوکھر قطب شاہی مشہور ہو گئی۔ سینہ بہ سینہ چلنے والی روایات بھی اسی بات کی تصدیق کرتی ہیں اور یہی روایت درست و قابل قبول ہے۔

زمان علی کھوکھر کے حالات زندگی تفصیلی طور پر معلوم نہیں ہو سکے۔ اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ شروع میں موسیٰ خیل کے علاقے میں آباد ہوا کچھ عرصہ وہاں پر رئیس علاقہ کی حیثیت سے قیام کیا۔ پھر وہ علاقہ کرانہ یا کرانہ، جو خوشاب (سابقہ شاہ پور) میں واقع ہے نقل مکانی کر گیا۔ کرانہ کے راجہ سے اس کی ان بن ہو گئی جس کی وجہ سے اس نے راجہ پر حملہ کر دیا اور راجہ کو اپنی راجدھانی سے محروم ہونا پڑا۔ زمان علی کھوکھر نے کرانہ یا

مقتول راجہ کی بیٹی جس کا نام بھرت یا بھرتھ تھا اس کو اپنے نکاح میں لے
کرانہ پر قبضہ کر لیا۔ دوسری بیویوں کے نام نہیں ہیں ہو سکتا ہے
زمان علی کھوکھر کی اسی بیوی بھرت یا بھرتھ کا نام ملتا ہے
کھوکھر کی یہی ایک بیوی ہو۔ تاریخ میں بھرت یا بھرتھ کا کوئی دوسرا اسلامی نام بھی نہیں ملتا۔ زمان علی
چونکہ اسے مسلمان کیا ہوگا اور اس کا اسلامی نام بھی رکھا ہوگا لیکن تاریخ اس بارے میں خاموش ہے۔

زمان علی کھوکھر کی بیوی بھرت یا بھرتھ سے اس کے دو بیٹے ہوئے ایک کا نام جھن اور دوسرے
گھیرا تھا۔ انہی دو بیٹوں کی نسل سے کھوکھر قطب شاہی اعوان مشہور ہیں۔ زمان علی کھوکھر کے بیٹوں
ہندوانہ طرز کے ہیں انہی ناموں کی مناسبت سے بعض مؤرخین نے اعوانوں کو راجپوتوں کے ساتھ ملانے
کوشش کی ہے۔ در حقیقت جھن اور دو گھیرا یا و گھرا کی ماں ہندو راجہ کی بیٹی تھی اس لئے ہو سکتا ہے اس نے
مرضی سے اپنے بیٹوں کے نام رکھے ہوں یا اصل نام تو کوئی اور ہوں مگر لاڈ پیار کے یہ نام مشہور ہو گئے ہوں
بہر حال کوئی بھی صورت حال رہی ہو بات ثابت شدہ ہے کہ جھن اور دو گھیرا دونوں بھائی زمان علی کھوکھر بن قطب
شاہ کے فرزند تھے اور ان ہی کی اولاد سے کھوکھر قطب شاہی اعوان مشہور ہیں۔

یہ بات ذہن نشین رہے کہ کھوکھر، راجپوت قبیلہ کی بہت بڑی اور معتبر شاخ ہے۔ محکمہ مال کے کاغذات میں
ان کی ذات کھوکھر اور قوم راجپوت درج ہوتی ہے جبکہ اعوان کھوکھر قطب شاہی کا محکمہ مال کے کاغذات میں
اندراج ذات کے خانے میں گوت کا نام کھوکھر قطب شاہی اور قوم اعوان لکھی جاتی ہے۔ اعوان اپنے نام کے
ساتھ صرف کھوکھر کا اضافہ کرتے ہیں۔ پس جہاں کہیں کوئی اپنے نام کے ساتھ کھوکھر کا اضافہ کرتا ہو تو
تعلق اعوان قبیلہ سے نہیں ہوگا بلکہ یہ کھوکھر راجپوت ہوگا۔ صاحب سجادہ سیال شریف کی قوم اعوان
کھوکھر سیال مشہور ہے۔ در حقیقت یہ قوم کھوکھر سے نہیں بلکہ زمان علی کھوکھر بن قطب شاہ کی اولاد سے
"اعوان" ہیں۔ زمان علی کی پشت سے سام نامی ایک بزرگ گزرے ہیں۔ ان کی اولاد ضلع جھنگ میں سیال کے
نام سے مشہور ہے' یہ ان کی اولاد سے ہیں۔ (اقوام پاکستان) پاکستان میں جہاں کہیں بھی کھوکھر بحیثیت قبیلہ
ہیں وہ اپنے آپ کو اعوان نہیں کہلاتے بلکہ راجپوت کہلاتے ہیں اس لئے کہ قطب شاہ کے بیٹے زمان علی کھوکھر
کی اولاد صرف کھوکھر نہیں کہلاتی بلکہ اعوان کھوکھر کہلاتی ہے اور اعوان کھوکھری سے مشہور ہے۔

زمان علی بن قطب شاہ کی اولاد ضلع جھنگ' سرگودھا' جہلم' گجرات' پاک پتن' حویلی لکھا اور لاہور کے
دنواح میں آباد ہیں جبکہ آزاد کشمیر میں نیوت' پالال' رو رپہ' و ٹھہ' چہانعل' تحصیل حویلی' باغ' کوٹ' گوہالا
مظفر آباد اور تحصیل میرپور میں آباد ہے۔ ضلع جھنگ میں موضع جات محمدی شریف' جلات' بخاریاں' رشید
ڈاور' ٹھٹھہ کھوکھراں' چک نجاریاں' کیو تتہ' کھوکھراں والا' رت حد' بٹ چھانہ' بستی رشیدہ' ٹالی کھوکھراں
کوٹ وسادا' چک نمبر ۔۔۔ ضلع راولپنڈی موضع سوہان' ضلع بہاولنگر کے موضع رانا اور جو شب کے موضع میں

والا میں کھوکھر آباد ہیں۔ ان کے بارے میں اقوام پاکستان کے مؤلف نے لکھا ہے کہ یہ اپنے آپ کو اعوان کہلاتے ہیں مگر کاغذات محکمہ مال کا جائزہ نہیں لیا جاسکا جس سے یہ ثابت ہو کہ آیا یہ واقعی اعوان ہیں یا کھوکھر راجپوت ہیں۔ البتہ جھنگ میں آباد قطب شاہی کھوکھر یا قطب شاہی سیال زمان علی کھوکھر کی اولاد سے ہیں۔ زمان علی کھوکھر کی پشت سے سام نامی ایک بزرگ گزرے ہیں ان کی اولاد سیال قطب شاہی کے نام سے مشہور ہے۔ مشہور صوفی بزرگ حضرت شمس الدین چشتی اسی گوت سے تعلق رکھتے تھے۔ جھنگ کے اطراف میں ایک اور گوت سیال کے نام سے مشہور ہے یہ اعوان نہیں بلکہ کھوکھر راجپوت ہیں۔ یہ کھوکھر اپنے آپ کو اعوان نہیں کہتے۔ زمان علی کھوکھر کی نسل سے ایک بزرگ حافظ غلام محمد مہاراجہ گلاب سنگھ کے عہد میں آزاد کشمیر کے ضلع پونچھ میں جا کر آباد ہوئے جن کی اولاد وہاں موجود ہے جو صرف اعوان کے نام سے مشہور ہے۔

محمد افضل خان اعوان مرحوم ساکن باغانوالہ جہلم کی تحقیق کے مطابق حضرت محمد بدھا دراوی والی ضلع گوجرانوالہ اور حضرت شمس الدین سیالوی آف سیال شریف' جھنگ کا نسبی تعلق زمان علی کھوکھر کی اولاد سے تھا۔ شجرہ نسب صفحہ نمبر ۱۶۱۴ پر ملاحظہ فرمائیں۔

کھوکھر راجپوت : برصغیر پاک و ہند میں دو قسم کے کھوکھر آباد ہیں۔ ایک اعوان کھوکھر قطب شاہی جن کی اصل عرب سے ہے یہی قطب شاہ کے بیٹے زمان علی کھوکھر کی اولاد سے ہیں اور یہ لوگ اعوان قطب شاہی کھوکھر کہلاتے ہیں۔ دوسرے کھوکھر راجپوت ہیں جن کا اصل وطن ہندوستان ہے۔ تاریخ اقوام پونچھ کے مؤلف محمد دین فوق لکھتے ہیں کہ "راجپوت کھوکھروں کا ذکر بالتفصیل کسی بھی تاریخ میں موجود نہیں البتہ اس قدر پتہ چلتا ہے کہ ان کی آبادی زیادہ تر ضلع جہلم اور اس کے نواحات میں تھی۔ جہلم' پنڈدادن خان' احمد آباد اور پوٹھوہار کے علاقہ میں ان کا بڑا عروج رہا ہے۔ ان کے بزرگ پہلے ہندو تھے بعد میں مسلمان ہو گئے۔ جہانگیر کے زمانہ میں دادن خان کھوکھر ایک نامی رئیس ہوا ہے جس نے ۱۶۲۳ء میں کوہستان نمک کے دامن میں اپنے نام پر ایک شہر پنڈ دادن خان آباد کیا۔ اس تحصیل میں چک شفیع' سلطان کوٹ' کوٹ صاحب خان اور احمد آباد سب انہی کھوکھروں کے آباد کردہ ہیں۔ جنجوعوں اور گکھڑوں اور جب قوم کے راجپوتوں سے دیر تک ان کی لڑائیاں ہوتی رہی ہیں۔ کھوکھر صاحب حکومت تھے پنڈدادن خان اور احمد آباد ان کی راجدھانیاں تھیں۔

سکھوں کے زمانہ میں ان کا عروج ڈھلنا شروع ہوا۔ پہلے ان کو سردار چڑت سنگھ نے کمزور کیا۔ پھر اس کے پوتے مہاراجہ رنجیت سنگھ نے پنڈدادن خان سے نکال کر ان کے رئیس راجہ سرفراز خان کو صرف چند دیہات دے کر اسے ریاست سے ایک جاگیردار بنادیا۔

کھوکھر راجپوتوں کی آبادی ضلع جہلم کے علاوہ پاکستان کے دوسرے اضلاع جموں' پونچھ اور کشمیر میں کہیں کہیں ملتی ہے۔

قطب شاہ
- رانا علی
  - دگرو
    - جیسر
    - پھول
    - سمول
    - اعلانج
    - شادی
    - اکل
    - برتاہ
    - ھڈی
    - شاکر
    - پارس
    - عارف
    - مسیحان
    - امیر عبداللہ
    - کبیر
    - انور
    - کالو
    - امیر سعید
    - حضرت امام رضا گجر والہ
  - سس
    - کوٹا یا کوڈ
    - جبت
    - گورا
      - سابھڑ
        - سال
        - بہلول
        - کمال
        - سارنگ
        - منصور
        - الفرزند
        - سلطان
        - عظمت
        - علاؤ محمد
        - شاہ محمد
        - سنگ
        - دوست
        - سعد اللہ
        - جان محمد
        - کرم علی
        - شاہ محمود
        - برخوردار
        - محمد شریف
        - شاہ محمد
        - حضرت شمس العارفین سیال شریف
      - برقہ
      - نجد
        - کمیں
        - حسین
        - مخدوم نظام صاحب
        - عبد الرشید
        - محمد فاضل
        - محمد طیب
        - محمد طاہر
        - حمید
        - نور الدین
        - احمد
        - حامد
        - سعید
        - محمد دوست
        - عطاء اللہ
        - عبید اللہ
        - میاں احمد
        - نبی احمد
        - محمد سلیم
        - موضع دریال جالپ کے قوال

سرلیپل گریفن اپنی تاریخ رئیسان پنجاب کے ص ۳۴۳ پر ان کے متعلق لکھتے ہیں کھوکھر راجگان چنڈ داون خان و احمد آباد کے اونچے راجپوتوں کی نسل سے ہیں۔ ۱۳۴۳ء سے پیشتر ان کا کچھ حال معلوم نہیں ہو سکا۔ ان کے رشتے ناطے گکھڑوں اور جنجوعوں سے ہوتے ہیں۔

آزاد کشمیر کے بعض کھوکھروں کے پاس جو شجرہ نسب ہے اس میں داون خان کا نام درج ہے جو قصبہ چنڈ داون خان کا بانی تھا۔ یہ لوگ بعض جگہوں پر اپنے آپ کو قریشی ہاشمی اور بعض اعوان کھوکھر کہلاتے ہیں۔ داون خان نے چنڈ داون خان اور اس کے پوتے احمد خان نے احمد آباد بسایا تھا۔ اس خاندان کے بارے میں سرلیپل گریفن نے اپنی کتاب رئیسان پنجاب کے ص ۳۴۳۔۳۴۵ پر لکھا ہے کہ کھوکھر چنڈ داون خان اور احمد آباد کی اونچی نسل کے راجپوت ہیں جہانگیر بادشاہ کے زمانے میں داون خان کھوکھر راجپوت نے ۱۶۲۳ء میں جنجوعوں اور جلب قوم کے راجپوتوں کو شکست دیکر چنڈ داون خان آباد کیا تھا۔ آزاد کشمیر کے کچھ مواضع جات کے کھوکھر چنڈ داون خان کی راجپوت کھوکھر نسل سے تعلق رکھتے ہیں کیونکہ ان کا شجرہ نسب کھوکھر راجپوت داون خان سے ملتا ہے۔ البتہ یہ بات درست ہے کہ قطب شاہی کھوکھر اور راجپوت کھوکھر لفظ کھوکھر کی وجہ سے آپس میں خلط ملط ہو گئے ہیں مگر جو لوگ قطب شاہی کھوکھر ہونے کا دعویٰ رکھتے ہیں اور اپنے شجرہ نسب میں داون خان کا ذکر کرتے ہیں وہ یقیناً کھوکھر راجپوت ہیں قطب شاہی کھوکھر نہیں۔ امپیریل گزٹ جو کہ انگریزوں کا ترتیب دیا ہوا ہے کے مطابق بھی کھوکھر اعوان نہیں بلکہ ہندو راجپوت قوم سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے بابر کی تزک بابری کا حوالہ دیا ہے کہ اس زمانہ میں کوہستان نمک میں ہندو کھوکھر راجپوت نسل سے سکونت پذیر تھے۔ لہٰذا جو لوگ اپنی ذات صرف کھوکھر لکھتے ہیں وہ نہ اعوان ہیں اور نہ ہی قطب شاہی کھوکھر ہیں بلکہ یہ لوگ کھوکھر راجپوت ہیں۔

کھوکھر قطب شاہی : سالار قطب حیدر شاہ کی ایک بیوی کا نام زینب تھا جس کے بارے میں حقیقت الاعوان کے مؤلف بابا ہاشم سیالکوٹی مؤرخ ہند ملک امام بخش اعوان کی تاریخ کندلانی کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ "زمان علی کھوکھر نے سلسلۂ نمک کے دامن کوہستان کے قریب موسیٰ خیل میں سکونت اختیار کی پھر وہاں سے وہ بمقام گرانہ میں آکر آباد ہوا اور گرانہ بکسر کاف عربی و رائے فارسی ایک چھوٹی پہاڑی کا نام ہے۔ جو دریائے جہلم و چناب کے درمیان دو آبہ چج میں واقع ہے۔ زمان علی کھوکھر نے وہاں کے ہندو راجہ کو شکست دیکر اس کی بیٹی رانی بر تمہ سے نکاح کیا۔ اس رانی سے زمان علی کھوکھر کے دو بیٹے جن اور وگرا پیدا ہوئے وگرا کے بیٹے بیرسے "اعوان کھوکھر" ہیں مگر وہ کھوکھر نہیں بلکہ صرف اعوان مشہور ہیں۔ اعوان کھوکھر صرف شجرہ نسب اور پہچان تک محدود ہے۔"

تاریخ اقوام پونچھ کے مؤلف محمد دین فوق نے کھوکھر قطب شاہی اعوانوں کے بارے میں اس طرح تذکرہ کیا ہے۔ قطب شاہ کی ایک بی بی زینب نامی بھی تھی یہ مسماۃ ایک کھوکھر راجپوت رئیس جس کو کھوکھروں سے

راجہ کلک لکھا ہے کی لڑکی تھی۔ اس کے بطن سے تین لڑکے تھے ایک مرزل علی جو کلاں کے نام سے بھی موسوم ہے۔ دوسرا درجیم عرف جہان شاہ اور تیسرا زمان علی جو اپنی ماں کی کھوکھر گوت کی مناسبت سے زمان علی عرف کھوکھر کے نام سے موسوم تھا۔ ان سب بھائیوں کی اولاد قطب شاہی کھوکھر کہلاتی ہے۔"

تاریخ نسب نامہ کھوکھراں حصہ دوم میں حضرت خواجہ شمس الدین سیال شریف کے حالات کا ذکر کرتے ہوئے ملک سراج الدین احمد کھوکھر لفظ کھوکھر کی وجہ تسمیہ میں اشعار ذیل لکھتے ہیں۔

قوم آں شمس منور ہست کھوکھرؔ ابتدا
بعد ازاں گشتہ سیال از سال جہ باصفا
لفظ کھوکھر فی الاصل خونخوار بہ اندر جہاں
ہندیاں کھوکھار گفتندے بہ تجنیس زباں
پس مختلف گشت آں گروہ کھوکھر مشتہر
دراصل ناش زماں شاہ ہست ابن قطب دہر
چونکہ آں مرد بہادر بدشہ بود پہلواں
زاں سبب عرفش بدہ خونخوار مشہور زماں

مندرجہ بالا اشعار میں کھوکھر کی اصل کھوکھار اور کھوکھار کی اصل خونخوار بتائی گئی ہے۔ اس کے متعلق ایک صاحب فرماتے ہیں کہ خونخوار سے کھوکھار اور کھوکھار سے کھوکھر بنانے کی کیا ضرورت ہے سیدھی سادھی وجہ یہ کیوں نہ لکھ دی جائے کہ زمان علی بہادر اور شجاع تھے اور چونکہ دشمن کا سب مال لوٹ لیتے تھے اس لئے مخالفوں نے ان کا نام کھوہ کھڑ رکھ دیا یعنی چھین لے جانے والا اور کھوہ کھڑ سے کھوکھر مشہور ہو گیا۔

کھوکھر کی وجہ تسمیہ جو ملک سراج الدین احمد نے اشعار بالا میں بیان کی ہے۔ اس لئے ناقابل قبول اور یہ مصدق ہے کہ ایک طرف تو یہ بیان کیا جاتا ہے کہ زمان علی کی ماں قوم کھوکھر کے راجپوت رئیس کی دختر تھی اور وہ ماں ہی کی ذات یا گوت کی نسبت سے کھوکھر کہلایا دوسری طرف یہ لکھا جاتا ہے کہ زمان علی چونکہ پہلوان تھا اس لئے لوگوں نے اس کا نام خونخوار رکھ دیا جو پہلے کھوکھار بنا (کیونکہ دیہاتی بے علم لوگ لفظ خونخوار کو عموماً کھوکھار بولتے ہیں) پھر کھوکھر نام سے موسوم ہوا چونکہ تمام مؤرخین نے زینب کو جو زمان علی کی والدہ اور راجہ کلک کی بیٹی تھی کھوکھر قوم کی راجکماری ظاہر کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قوم بہت قدیم زمانہ کی ہے اور غالباً راجپوت قوم سے کوئی کھوکھر نام کا شخص گزرا ہوگا اسی کے نام پر اس کی والدہ کھوکھر مشہور ہو گئی ہوگی۔ زمان علی کو خونخوار بتا کر کھوکھر کی وجہ تسمیہ جو ظاہر کی گئی ہے وہ مستند نہیں سمجھی جا سکتی۔

تاریخ اقوام پاکستان مطبوعہ پاک پرنٹ پبلشرز لاہور ۱۹۷۶ء کے مؤلف عبدالرزاق جنجوعہ نے قطب شاہی

کھوکھروں کے بارے میں لکھا ہے کہ "قطب شاہی کھوکھر قوم عربی النسل ہے۔ اس قوم کی تحقیق سے یہ ثابت ہوا ہے کہ عرب سے ہجرت کر کے غیر ملکی حملہ آوروں کے ساتھ یہ لوگ ہندوستان آکر آباد ہو گئے تھے چونکہ لاکھوں افراد جو حملہ آوروں کے ساتھ آئے تھے ان میں سے کچھ تو جنگ و جدل میں کام آئے اور چند ایک حادثات زمانہ کی نظر ہو گئے البتہ بہت کم واپس عرب لوٹ کر جا سکے اس قوم کی آمد کے بارے میں مختلف روایتیں ہیں ایک روایت یہ ہے کہ یہ لوگ محمد بن قاسم کے ساتھ ہند قدیم میں داخل ہوئے غالب "کھوکھر اپار" اسی قوم کی قدیم یادوں کو تازہ کرتی ہے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ حضرت علیؓ کے بیٹے حضرت محمد حنیف تھے جن کی اولاد سے قطب شاہ تھے۔ قطب شاہ کی دوسری بیوی کے بطن سے بیٹا کھوکھر پیدا ہوا جس کی اولاد کھوکھر قطب شاہی مشہور ہے کھوکھر کی اولاد پاکستان میں ایک مشہور قوم کہی جاتی ہے جو پنجاب کے اکثر اضلاع میں آباد ہے۔ کھوکھر قوم کا پیشہ زمینداری ہے اور بلاشک و شبہ جاگیردار ہیں۔"

باب الاعوان کے مؤلف نور الدین سلیمانی لکھتے ہیں حضرت قطب شاہ کی دوسری بی بی کسی ہندو راجہ کی جو کھوکھر قوم سے تھا لڑکی تھی اس کا ہندوانہ نام تو کسی نے نہیں لکھا البتہ اسلامی نام زینب سب مؤرخوں نے تسلیم کیا ہے۔ اس بی بی سے آپ کے تین فرزند تھے مزمل علی عرف کلان ورحیم عرف جان شاہ' زمان علی عرف کھوکھر چونکہ ان تینوں بھائیوں کی ماں کھوکھر قوم سے تھی۔ اس لئے ان سب بھائیوں کی اولاد کھوکھر قطب شاہی کہلاتی ہے۔ یہی مؤلف دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ زمان علی جو قطب شاہ کا پانچواں فرزند ہے پہلے موسیٰ خیل میں جا کر آباد ہو گیا پھر مقام کرانہ یا کرانہ جو شاہ پور میں واقع ہے چلا گیا۔ وہاں کے ہندو رئیس کو شکست دی اور اس کی دختر راجکماری بھرت کو مسلمان کر کے اس سے نکاح کر لیا۔ بھرت کھوکھر جو زمان علی کی اولاد سے ہیں اسی رانی کے نام سے موسوم ہیں۔

کھوکھر اعوان کی مندرجہ ذیل گوتیں زیادہ مشہور ہیں۔

(۱) سیال (۲) کھوکھر (۳) ملوک شاہی۔

شجرہ تقدا از نسل سجن ولد زمان علی کھوکھر



محمد کندلان بن قطب شاہ

محمد کندلان' سالار میر قطب حیدر شاہ غازی کا تیسرا بیٹا تھا۔ اس کی والدہ کا نام بی بی عائشہ تھا جو ہرات سے تعلق رکھتی تھیں اور قطب شاہ کی پہلی بیوی تھیں۔ محمد کندلان کی سن پیدائش معلوم نہیں' زاد الاعوان کے مؤلف نور الدین نے محمد کندلان کی سن پیدائش ۳۷۵ھ اور سن وفات ۴۶۱ھ لکھی ہیں جو دونوں غلط اور خود ساختہ ہیں۔

حقیقت الاعوان کے مؤلف ہاشم الدین نے اور باب الاعوان کے مؤلف نور الدین نے بحوالہ تاریخ کندلانی لکھا ہے کہ میر قطب شاہ کا یہ تیسرا لڑکا محمد (معروف بہ کندلان) نامی تھا اور وہ پنجاب شمالی کے کوہستان نمک سے دو آبہ چج میں آیا تھا اور وہ دو آبہ دریائے جہلم و چناب کے درمیان ہے اور وہیں کندلان کے لڑکے سکن (معروف بہ سکو) نامی کی پشت سے بہت کندلانی اعوان رہتے ہیں اور اسی دو آبہ میں جہلم کے قریب ایک بستی کندلان کے نام پر اب تک مشہور آرہی ہے اور اس میں اعوان کندلانی کی سکونت ہے اور اس دو آبہ کے اعوانوں کے سوا کندلان کی پشت سے کچھ اعوان دریائے جہلم و اٹک کے درمیان دو آبہ سندھ ساگر سلسلۂ کوہستان نمک کی جانب شرقی کے نکوا میں رہتے ہیں اور سکن بن کندلان کا صرف بدیع نامی ایک ہی لڑکا تھا۔

تحقیق الاعوان کے مؤلف خواص خان کے مطابق بعض اہل انساب نے گل شاہ و گل محمد بھی ان کا نام لکھا ہے۔ کندلان سے کنڈان بھی مشہور ہو گئے ہیں۔ محمد کندلان کی اولاد کوہستان نمک پنجاب میں زیادہ آباد ہے بلکہ ایک چک کنڈان کے نام سے آج بھی مشہور و معروف ہے۔ کنڈان اپنے آپ کو محمد شاہ کے بیٹے سکن کی اولاد بتاتے ہیں اور سکن سے سکھو غلط ہو گیا ہے سکن کا بیٹا بدیع تھا۔ اعوان برتھال اس کی اولاد بتاتے ہیں بعض نسب ناموں میں بدیع شاہ بن سکن شاہ بن محمد شاہ بن قطب شاہ لکھا ہے۔

پنجاب کی اکثر وادیوں میں بدیع کی اولاد آباد ہے۔ اہل دو آبہ باری کے اعوانوں کا شجرۂ نسب اس طرح ہے۔ جبین بن سکھو بن گل شاہ بن قطب شاہ بعض نسب ناموں میں محمد کنڈلان پسر سکھو جد قوم کھرال لکھا ہے اور جبین کی اولاد کو کندوال اور برتھال لکھتے ہیں جبکہ گل شاہی گوت بھی محمد کندلان سے ہے۔ موضع پدھراڑ کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ بدیع بن سکن بن کنڈان محمد شاہ کا آباد کیا ہوا ہے۔ بدیع کا ایک مکان پہاڑ میں ۔ بیوسٹ کے نام سے مشہور ہے۔ یہ پختہ مکان غیر آباد ہے اس میں ایک پتھر سے شفاف پانی کا چشمہ نکلتا ہے۔ بدیع کی اولاد سے فیروز ہوا جس کی اولاد سے مالک خان کی اولاد ملکال گوت سے مشہور ہیں۔

محمد کندلان کی اولاد سے مندرجہ ذیل گوتیں مشہور ہیں۔

۱۔ کندلانی' ۲۔ برتھال یا برتھ ۳۔ کھرال' ۴۔ کندوال' ۵۔ مستیال' ۶۔ ملکال' ۷۔ گدرانی' ۸۔ گھتانی' ۹۔ موکھر۔

شجرہ نسب اولاد محمد کنڈان برادر عبداللہ گوڑاہ پسر قطب شاہ (شق ب)

محمد کنڈان کا سکی (المشہور سکھو) کا بیٹا - محمود داؤد - سلیمان - قاسم - بودھی - ابراہیم - سعداللہ - محمد کریم - عبدالباقی - حافظ دربوست - سلطان محمد شرف الدین - غلام حسین - حاجی محمد امین - حافظ محمد حسین پنڈدادنخان

(۵) شجرہ نسب اولاد مرزا علی کلگان پسر قطب شاہ بہ مشہور میر قطب



احمد علی در یتیم جہان شاہ

احمد علی جہان شاہ معروف بہ دریتیم' قطب شاہ کا بیٹا ہے اور یہ حقیقت الاعوان کے مؤلف کی تحقیق میں سلطان کے ساتھ ہی آیا تھا سو اس کے بارے میں باب الاعوان کے باب چہارم کی فصل دوازدہم میں یوں مرقوم ہے کہ وہ ہنود کے ساتھ جب جہاد (یعنی کہ خدا کی راہ میں لڑائی) کرتا تھا تو تب چونکہ وہ بڑی تیز روئی سے ان کو مارتا تھا بایں وجہ وہ جہان (یعنی کہ تیز رو) کے نام سے مشہور ہوا پھر چونکہ ہند میں ہمیشہ سے معروف نام کے ساتھ لفظ شاہ بڑھانے کا دستور آ رہا ہے۔ بایں وجہ وہ جہان شاہ کے نام پر مشہور ہوا۔ پس احمد علی دریتیم معروف بہ جہان شاہ کی یہی وجہ تسمیہ درست ہے اور باب الاعوان کی اسی فصل میں (جو کہ اوپر تحریر ہو چکی ہے۔) یوں مسطور ہے کہ احمد علی کے تین لڑکے تھے جن کے نام یہ ہیں (۱) سلطان محمود علی (معروف بہ لقب خطاب بدھو اور بدھ) (۲) محمدؒ محسن علی (۳) محمد نور علی۔ ان میں سے یہ دو (۱) محمدؒ محسن علی (۲) محمدؒ نور علی تو بے عقب ہی رہے۔ عرف سلطان محمود علی کے دو لڑکے تھے۔ (۱) محمدؒ یار علی جس کا آخر پر کوئی عقب نہ رہا۔ (۲) محمدؒ عثمان علی (معروف بہ سدھ ہے) اور چونکہ سدھ کے معنی لغات اردو کے ص ۱۸۲ میں صاحب کمال کامل مسطور ہے۔ بایں وجہ وہ کامل اور کمال الدین (یعنی کہ ان دو ناموں) پر مشہور ہوا۔" تحقیق الاعوان کے مؤلف حواس خان کے مطابق "دریتیم عرف جہان شاہ ہنود کے ساتھ جہاد کرتا تھا اور بڑی تیزی سے فتح پاتا تھا اس لئے جہان شاہ کا لقب دیا گیا۔ غیاث الدین بلبن کے زمانے میں زندہ تھا۔ ساتویں صدی ہجری کا زمانہ کچھ پایا۔ شیخ نظام الدین اولیاء دہلوی' امیر خسرو دہلوی شیخ سعدی شیرازی' معاصرین میں سے تھے۔"

میرے خیال میں احمد علی ساتویں صدی ہجری تک زندہ نہیں تھا اور نہ ہی مندرجہ بالا بزرگان اس کے ہمعصر تھے کیونکہ اگر قطب شاہ کی وفات پانچویں صدی ہجری میں ہوئی تو ان کے بیٹے ساتویں صدی ہجری تک کیسے زندہ رہ سکتے تھے۔ اتنی لمبی عمر اس زمانے میں کسی بھی شخص کی تاریخوں میں نہیں بیان کی گئی۔

جہان شاہ عرف دریتیم کے تین بیٹوں میں سے بڑا بیٹا سلطان محمود علی عرف بدھو تھا۔ اس کے دو بیٹے محمد یار علی جو لاولد فوت ہوا اور محمد عثمان عرف سدھ صاحب کثرت اولاد ہوا اور گوت تیرہ ہزاری سے منسوب کرتے ہیں۔

محمد محسن علی ولد جہان شاہ اگرچہ لاولد مرا مگر کھٹر اس کی اولاد ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور جہان شاہی یا شاہ جہانی گوت کے حوالے سے اس سے نسب ملاتے ہیں۔ اگر یہ درست ہے تو پھر محمد محسن علی لاولد نہیں مرا۔

جہان شاہ کے تیسرے بیٹے محمد نور علی کے بارے میں تاریخی حالات و واقعات نہیں ملتے۔ زبانی روایات یا نیم تاریخی بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ محمد نور علی بن جہان شاہ کی اولاد نہ تھی اور وہ لاولد فوت ہوا۔

شجرہ نسب دریتیم جہان شاہ، محمد علی چوہان، زمان علی پسران قطب شاہ



نجف علی، فتح علی، محمد علی، نادر علی، بہادر علی، کرم علی، پسران قطب شاہ

نجف علی (عرف یحییٰ)، فتح علی (عرف کلدان)، محمد علی (عرف چوہان) : یہ تینوں بھائی ایک والدہ خدیجہ کے بطن سے تھے۔ بھائی، کلدانی یا کلکاری اعوان چوہان ان ہی برادران کی طرف منسوب ہیں۔ نجف علی کی اولاد پاک و ہند میں نہیں روس میں آباد ہے۔ فتح علی کی اولاد نامعلوم ہے۔ محمد علی کی اولاد پنجاب اور سندھ کے علاقوں میں آباد ہے۔ اعوان چوہان کے لقب سے مشہور ہیں۔ (تحقیق الاعوان)

نادر علی لقب عثمان، نادر علی (لقب محمد عثمان)، بہادر علی (عرف محمد علو)، کرم علی (عرف شاہ محمد رؤف) : عثمانی، علمی اور رودی گوتیں ان بھائیوں کے نام سے منسوب ہیں تھکنگ شاہ محمد علو کے نام پر مشہور تھا آئین اکبری میں اسے آوان گل لکھا گیا ہے پاک و ہند میں اس نام کی اولاد موجود نہیں۔ شنید ہے کہ ملک شام میں یہ لوگ آباد ہیں۔ (تحقیق الاعوان)

- حقیقت الاعوان کے مؤلف محمد ہاشم کے مطابق پسر ششم۔ نجف علی (معروف بہ محمد یحییٰ) ہے۔ اور وہ قطب شاہ کا بطن خدیجہ سے پسر ششم ہے۔ اور اس کی پشت سے اعوان بھائی ہیں۔

پسر ہفتم۔ فتح علی (معروف بہ کلدان) ہے۔ اور وہ قطب شاہ کا بطن خدیجہ سے پسر ہفتم ہے۔ اور اس کی پشت سے اعوان کلدانی ہیں۔

پسر ہشتم۔ محمد علی (معروف بہ چوہان) ہے۔ اور وہ قطب شاہ کا بطن خدیجہ سے پسر ہشتم ہے۔ اور اس کی پشت سے اعوان چوہان ہیں۔

پسر نہم۔ نادر علی (معروف بہ محمد علی) ہے۔ اور وہ قطب شاہ کا بطن ام کلثوم سے پسر نہم ہے۔ اور اس کی پشت سے اعوان علمی ہیں۔

پسر دہم۔ بہادر علی (معروف بہ محمد عثمان) ہے۔ اور وہ قطب شاہ کا بطن ام کلثوم سے پسر دہم ہے۔ اور اس کی پشت سے اعوان عثمانی ہیں۔

پسر یازدہم۔ کرم علی (معروف بہ محمد رؤف) ہے۔ اور وہ قطب شاہ کا بطن ام کلثوم سے پسر یازدہم ہے۔ اور اس کی پشت سے اعوان رودی ہیں۔ اور یہ تمام ضلع بہار سے راس کوہستان میں گئے اور باب الاعوان کے باب چہارم کی فصل چہاردہم میں یوں مسطور ہے کہ اعوان بھائی روس میں جاکر آباد ہوئے اور روس کے سوا بقایا اور ممالک میں یہ بہت ہی کم ہیں۔ اور کلدانی کچھ تو ہند میں رہے۔ اور کچھ نے اور ملکوں میں اپنی اپنی سکونت کو

اختیار کیا۔ اور چوہان سندھ کے سوا اور ملکوں میں بہت ہی کم ہیں۔ اور علوانی زیادہ تر ہند کے سوا غیر ملکوں میں جا رہے اور ہند میں بہت ہی کم ہیں۔ اور گلی کے بارہ میں روایت ہے کہ وہ ہند سے جا کر ممالک شام وغیرہ سے منتقل ہوئے اور ممکن ہے کہ ان میں سے کوئی ہند میں ہو۔ اور دوانی کے بارہ میں کتب انساب کے تمام راوی خاموش ہیں۔"

میرے خیال میں سالار قطب حیدر شاہ غازی کے یہ چھ بیٹے تجمل علی، فتح علی، محمد علی (بی بی خدیجہ کے بطن سے) نادر علی، بہادر علی، اور کرم علی (بی بی ام کلثوم کے بطن سے) محض خانہ پری کی حد تک اعوان تاریخوں میں موجود ہیں۔ در حقیقت ان کی مکمل تاریخ کے بارے میں کوئی دستاویزی یا تاریخی ثبوت موجود نہیں۔ تاہم یہاں کندان، چوہان، علوانی اور گلی گوتوں کو ان کے نام سے منسوب کیا جا رہا ہے۔ حالانکہ پاک و ہند میں اس نام کی کوئی اعوان گوت موجود نہیں، چوہان راجپوت ہیں اعوان نہیں۔ آزاد کشمیر کے ضلع میرپور میں قلیل تعداد میں چوہان اعوان یا چہان اعوان ملتے ہیں در حقیقت یہ لوگ اعوان نہیں بلکہ چوہان راجپوت ہیں۔

اعوان یا آوان

دو تین سو سال پرانے سرکاری کاغذات محکمہ مال کا معائنہ کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ علوی اعوانوں کے اندراج ذات کے خانے میں گوت کا نام درج ہے اور قوم کے خانے میں "آوان" لکھا ہوا ہے۔ ہری کرشن رائے کول کی مردم شماری رپورٹ میں لفظ آوان ہی لکھا گیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ آوان سنسکرت کا لفظ ہے جس کے معنی محافظ کے ہیں۔ غزنوی عہد آوروں کی مدافعت کے باعث ہندوؤں کے عہد میں یہ لوگ آوان اور مسلمانوں کے عہد میں قطب شاہی اعوان کہلائے جانے لگے۔ وہ لکھتا ہے کہ حرف "ع" سے کتابت "اعوان" درست نہیں بلکہ درست لفظ "آوان" ہے۔ پروفیسر گلشن رائے بھی لفظ اعوان کو آوان لکھتا ہے۔ اس کے نزدیک لفظ آوان ایوان سے مشتق ہے۔ آوان صفات و خصائل کی بنا پر پرانے جنگجو ہندوستانی قوموں کی طرح ہیں۔

مجھے ہری کرشن رائے کول اور پروفیسر گلشن رائے سے اتفاق نہیں۔ میرے نزدیک لفظ اعوان کے ایک ہی معنی ہیں اور دونوں صوتی اعتبار سے ایک ہیں۔ ہاں لفظ آوان کی املا غلط ہے درست املا اعوان ہے۔ جو کہ میں انگریزی کی نقالی صوتی اعتبار سے کی جاتی ہے۔ مثلاً "برطانیہ والے لفظ آنر کے سپیلنگ ایچ او این او یو آر (HONOUR) کرتے ہیں جبکہ امریکہ والے اسی لفظ کو صوتی اعتبار سے ایچ او این او آر (HONOR) لکھتے ہیں اور دونوں کے معنی ایک ہیں اور درست ہیں۔ اعوان اور آوان کی انگریزی میں ایک ہی املا اے ڈبلیو اے این (AWAN) مشہور و معروف ہے۔

